Atlas Honda

February 19, 2026

AHL/CS/4010/2026

The General Manager
Pakistan Stock Exchange Limited
Stock Exchange Building
Stock Exchange Road
Karachi.

Dear Sir,

**Subject: Notice of Extraordinary General Meeting**

Enclosed please find a copy of the Notice of Extraordinary general meeting of the Company to be held on Friday, March 13, 2026, for circulation amongst the TRE Certificate Holders of the Exchange.

Yours Sincerely,

For Atlas Honda Limited,

Maheen Fatima
**Company Secretary**

ATLAS HONDA LTD.


**Atlas Honda Limited**

**Karachi Plant:** F-36, Estate Avenue, S.I.T.E., Karachi. **UAN :** 111-111-245, **Ph:** (92-21) 32575561-65, 32555561-5 **Fax:** (92-21) 32563758
**Sheikhupura Plant:** 26-27 Km, Lahore-Sheikhupura Road, Sheikhupura. **Ph:** (92-56) 3406501-08, 3406007-8, 3406016 **Fax:** (92-56) 3406009
**Lahore Office:** 01 Mcleod Road Lahore-5400. **UAN:** (92-42)111-111-245, **Ph:** (92-42) 37225015-17, 37233515-17 **Fax:** (92-42) 37351119
**Faislabad Office:** 1st Floor, Meezan Executive Tower, 4 - Liaquat Road, Faisalabad. **Ph:** (92-41) 2541011-15 **Fax:** (92-41) 2541017
**Multan Office:** Azmat Wasti Road, Multan. **UAN :** (92-61) 111-112-411 **Ph:** (92-61) 4571989, 4540054, 4570431-4 **Fax:** (92-61) 4541690
**Islamabad Office:** Islamabad Corporate Center Plot # 784/785 Gohlra Road Islamabad. **Ph:** (92-51)5495921-7 **Fax:** (92-51)5495928
**Hyderabad Office:** Dawood Center 2nd Floor Auto Bahan Road, Latifabad, Hyderabad. **Ph:** (92-22) 3411361-9 **Fax:** (92-22) 3411370
**Rahimyar Khan Office:** Makhdoom Altaf Road, West Sadiq Canal Bank, Near City School, Rahim Yar Khan. **Ph:** (068) 5883415-19, 5888418-20 **Fax:** (068) 5883414

Atlas Honda Limited

# NOTICE OF EXTRAORDINARY GENERAL MEETING

Notice is hereby given that Extraordinary General Meeting (EOGM) of the members of Atlas Honda Limited ("the Company") will be held on Friday, March 13, 2026, at 10:00 a.m. at Avari Hotel, Mall Road, Lahore, as well as through Electronic means to transact the following businesses:

1. To confirm the minutes of the 61st Annual General Meeting held on June 24, 2025.
2. To elect 8 (Eight) Directors of the Company as fixed by the Board for next term of 3 (three) years commencing from March 14, 2026, in accordance with the provisions of the Section 159 of the Companies Act, 2017. The names of retiring Directors are as under and are eligible for re-election:

| | |
|---|---|
| i. Mr. Aamir H. Shirazi | ii. Mr. Abid Naqvi |
| iii. Mr. Azam Faruque | iv. Ms. Mashmooma Zehra Majeed |
| v. Mr. Masanori Kito | vi. Mr. Kazushi Yamanaka |
| vii. Mr. Koji Sugita | viii. Mr. Saquib H. Shirazi |

3. To transact any other business with the permission of the Chair.

By Order of the Board
Maheen Fatima
Company Secretary

Karachi: February 20, 2026

**NOTES:**

**1. BOOK CLOSURE:**
The share transfer books of the Company will remain closed from Friday, March 6, 2026, to Friday, March 13, 2026 (both days inclusive). The transfers received at Company's Share Registrar namely M/s Hameed Majeed Associates (Private) Limited, H.M. House, 7-Bank Square, Shahrah-e-Quaid-e-Azam, Lahore, Pakistan by the close of business (5:00 p.m.) on Thursday, March 5, 2026, will be considered in time to attend and vote at the meeting.

**2. PARTICIPATION IN THE EXTRAORDINARY GENERAL MEETING:**
The Company has made arrangements to ensure maximum participation of shareholders in the EOGM proceedings via video-link. For this, shareholders are required to email their Name, Folio Number, Cell No., and Number of Shares held in their name with subject "Registration for Atlas Honda Limited EOGM" along with valid copy of CNIC (both sides) at investor.relations@atlashonda.com.pk. Video link and login credentials will be shared with only those shareholders whose emails, containing all the required particulars, are received by close of office on Tuesday, March 10, 2026. Login facility will be opened thirty minutes before the meeting time to enable the participants to join the meeting after the identification process. Shareholders will be able to login and participate in the EOGM proceedings through their devices after completing all the formalities required for the identification and verification of the shareholders.
All shareholders entitled to attend, speak and vote at this EOGM shall be entitled to appoint another person, as a proxy to attend and vote on his/her behalf. A corporate entity, being shareholder, may appoint any person, regardless whether they are a shareholder or not, as its proxy. In case of corporate entities, a resolution of the board of directors/power of attorney with specimen signature of the person nominated to represent and vote on behalf of the corporate entity shall be submitted to the Company along with a completed proxy form.
The instrument appointing Proxy must be received at the Registered Office or Share Registrar of the Company not less than 48 hours before the time of the meeting. For the convenience of the shareholders, a Proxy Application Form is dispatched along with the Notice of Extraordinary General Meeting.
CDC account holders will further have to follow the undermentioned guidelines as laid down by the SECP.

**A. For Attending the Meeting:**
(i) In case of individuals, the account holder or sub-account holder and/or the person, whose securities are in group account and their registration details are uploaded as per the regulations, shall authenticate identity by his/her original valid CNIC or the original passport at the above mentioned email address at least 48 hours before the EOGM.
(ii) In case of corporate entity, the board of directors' resolution/power of attorney with specimen signature of the nominee shall be shared on the above mentioned email address at least 48 hours before the EOGM (unless it has been provided earlier).

**B. For Appointing Proxies:**
(i) In case of individuals, the account holder or sub-account holder and/or the person whose securities are in group account and their registration detail is uploaded as per the regulations, shall submit the proxy form as per the above requirement.
(ii) Attested copies of CNIC or the passport of the beneficial owners and the proxy shall be furnished with the proxy form.
(iii) The proxy shall produce original valid CNIC or original passport at the above mentioned email address at least 48 hours before the meeting.
(iv) In case of corporate entity, the board of directors' resolution/power of attorney with specimen signature shall be submitted on the email address mentioned above at least 48 hours before the meeting (unless it has been provided earlier) along with proxy form to the Company.
(v) Proxy form will be witnessed by two persons whose names, addresses and valid CNIC numbers shall be mentioned on the form.
Shareholders can also provide their comments and questions for the agenda items of the EOGM at the email address investor.relations@atlashonda.com.pk.

**3. E-VOTING & POSTAL BALLOT:**
Pursuant to the Companies (Postal Ballot) Regulations 2018, and notified amendments, members will be allowed to exercise their right to vote through electronic voting facility and postal ballot for the purpose of election of directors, if the number of persons who offer themselves to be elected is more than the number of directors fixed under Section 159 of the Companies Act, 2017, voting shall be conducted in the manner and as per the procedures contained in the Regulations.

**4. APPOINTMENT OF SCRUTINIZER:**
In accordance with regulation 11 of the Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018, the Board has appointed M/s ShineWing Hameed Chaudhri & Co. Chartered Accountants, a QCR rated audit firm, to act as scrutinizer of the Company for election of Directors in the meeting and to undertake other responsibilities as defined in the aforesaid regulations.

**5. CHANGE/UPDATE OF SHAREHOLDERS' PARTICULARS:**
Shareholders holding physical shares are requested to notify any change in their addresses immediately to the Company's Share Registrar.
All those individual shareholders holding physical shares who have not yet recorded their CNIC No. are once again reminded to immediately submit the copy of their CNIC to our Share Registrar. Shareholders while sending CNIC, must quote their respective folio numbers.
The corporate shareholders having CDC accounts are required to have their NTN updated with their respective participants, whereas corporate entities having physical shares should send a copy of their NTN certificates to our Share Registrar. The corporate shareholders while sending NTN or NTN certificates, as the case may be, must quote the company name and their respective folio numbers.

**6. DEPOSIT OF PHYSICAL SHARES INTO CDC ACCOUNT:**
Section 72(2) of the Companies Act, 2017 provides that every existing company shall be required to replace its physical shares with book-entry form within four (4) years from the date of the promulgation of the Act. Further, vide its letter dated March 26, 2021, Securities and Exchange Commission of Pakistan has directed listed companies to pursue their such shareholders who are still holding shares in physical form to convert the same into book entry form. In order to ensure compliance with the aforementioned provision, all shareholders having physical shareholding are encouraged to open a CDC sub-account with any of the brokers or an Investor Account directly with CDC to place their physical shares into scripless form. This will facilitate them in many ways, including safe custody and sale of shares, any time they want, as the trading of physical shares is not permitted as per existing regulations of the Pakistan Stock Exchange Limited.

**7. DISTRIBUTION OF GIFTS/COUPONS:**
No gifts/coupons shall be distributed during the Extraordinary General Meeting.

**STATEMENT OF MATERIAL FACTS UNDER SECTION 166(3) OF THE COMPANIES ACT, 2017**

**ELECTION OF DIRECTORS**

The term of the office of the present Board of the Company will expire on March 13, 2026. In terms of Section 159(1) of the Companies Act, 2017 the Board has fixed the number of Directors at 8 (eight) through a resolution passed in the meeting of the Board held on January 29, 2026, to be elected in the Extraordinary General Meeting of the Company for a period of next 3 (three) years. Any person who seeks to contest election to the office of Director shall, whether he/she is a retiring Director or otherwise, file with the Company following documents at the registered office of the Company/Shares Registrar, not later than (14) fourteen days before the date of the Extraordinary General Meeting:

a. A notice of his/her intention to offer himself/herself for the Election of Directors under Section 159(3) of the Companies Act, 2017;

b. Consent to act as a Director on the Appendix to Form-9 of the Companies Regulations, 2024 as required under Section 167 of the Companies Act, 2017;

c. Signed declaration that:

(i) He/she is aware of duties and powers of Directors under the Companies Act 2017, Memorandum and Articles of Association of the Company, Rule Book of Pakistan, Stock Exchange Limited, the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations 2019 and other relevant Laws and regulations;

(ii) He/she is compliant with requirements and eligibility/qualification criteria as set out in the Companies Act 2017, Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019 and other relevant laws and regulations for appointment as Director/Independent Director of a Listed Company;

d. Detailed profile along with his/her office address for placement on the Company's website;

e. Detail of directorship offices held;

f. Copy of Valid CNIC (incase of Pakistan National)/Passport (incase of Foreign national) and NTN & Folio No./CDC investor Account No./CDC Sub Account No. (applicable for person filling consent for the first time);

g. A director must be a member of the Company at the time of filing his/her consent for the contesting election of directors except a person representing a member, which is not a natural person.

h. Independent Director(s) will be elected in accordance with Sections 159 and 166 of the Companies Act, 2017 and shall meet the criteria laid down under Section 166 of the Companies Act, 2017 and the Companies (Manner and Selection of Independent Directors) Regulations, 2018. The following additional documents are required to be submitted by the candidates intending to contest Election of Directors as an Independent Director:
- Declaration of independence under Clause 6(3) of the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulation 2019;
- Undertaking on non-judicial stamp paper that he/she meets the requirements of sub-regulation (1) of Regulation 4 of the Companies (Manner and Selection of Independent Directors) Regulation 2018.

The final list of contesting Directors will be circulated not later than 7 (seven) days before the date of the Extraordinary General Meeting, in terms of Section 159(4). Further the website of the Company will also be updated with the required information.

48cm x 5col.

**Atlas Honda Limited**

# غیر معمولی اجلاسِ عام

بذریعہ نوٹس ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ اٹلس ہنڈا لمیٹڈ ('' کمپنی '') کے اراکین کا غیر معمولی اجلاسِ عام بروز جمعہ مورخہ 13 مارچ 2026 کی صبح 10:00 بجے آواری ہوٹل، مال روڈ، لاہور میں اور الیکٹرانک ذرائع سے درج ذیل کاروباری امور کی انجام دہی کے لیے منعقد ہوگا:

1) 24 جون 2025 کو منعقدہ 61 ویں سالانہ اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق۔

2) کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 159 کی دفعات کے تحت 14 مارچ، 2026 کو شروع ہونے والی اگلی تین (3) سالہ مدت کے لیے بورڈ کی جانب سے مقرر کردہ کمپنی کے آٹھ (8) ڈائریکٹرز کا تقرر، جو ریٹائرمنٹ کے قریب ہیں اور دوبارہ بطور ڈائریکٹر منتخب ہونے کے اہل ہیں:

| | |
|---|---|
| i- جناب عامر ایچ شیرازی | ii- جناب عابد نقوی |
| iii- جناب اعظم فاروق | iv- محترمہ مشمومہ زہرہ مجید |
| v- جناب ماسانوری کیتو | vi- جناب کازوشی یامانا کا |
| vii- جناب کوجی سوجیتا | viii- جناب ثاقب ایچ شیرازی |

3) صدرِ اجلاس کی اجازت سے کسی دیگر کارروائی کی انجام دہی۔

کراچی 20 فروری 2026

بحکم بورڈ

**ماہین فاطمہ**

کمپنی سیکریٹری

نوٹس:

**1) حصص منتقلی کتب کی بندش**

کمپنی کی حصص منتقلی کی کتب بروز جمعہ 06 مارچ 2026 تا بروز جمعہ 13 مارچ 2026 (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔ کمپنی کے شیئر رجسٹرار بنام میسرز حمید مجید ایسوسی ایٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ واقع ایچ ایم ہاؤس، 7 بینک اسکوائر، شاہراہِ قائدِ اعظم، لاہور، پاکستان کو بروز جمعرات 05 مارچ 2026 شام 05:00 بجے سے پہلے موصول ہونے والے ٹرانسفرز متعلقہ اشخاص کو اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ ڈالنے کے لیے قابل قبول تصور کیے جائیں گے۔

**2) غیر معمولی اجلاس عام (ای او جی ایم) میں شرکت:**

کمپنی نے زیادہ سے زیادہ حصص داران کا وڈیو لنک کے ذریعہ ای او جی ایم کارروائی میں حصہ لینے کا انتظام کیا ہے جس کے لیے حصص داروں کے لیے لازم ہے کہ وہ اپنے نام، فولیو نمبر، موبائل نمبر، حصص کی تعداد اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (دونوں اطراف) کو investor.relations@atlashonda.com.pk پر ای میل کریں اور اپنی ای میل کا عنوان ''اٹلس ہنڈا لمیٹڈ غیر معمولی اجلاس عام کے لیے رجسٹریشن'' رکھیں۔ وڈیو لنک اور لاگ ان کی تفصیلات صرف ایسے حصص داران کے ساتھ شیئر کی جائیں گی جن کی ای میلز تمام تر درکار ضروریات کی تکمیل کے ساتھ بروز منگل 10 مارچ 2026 کو کاروباری اوقاتِ کار کے اختتام سے قبل ہمیں موصول ہو جائیں گی۔ میٹنگ کے وقت سے تیس منٹ قبل لاگ ان کی سہولت کھول دی جائے گی تا کہ شیئر ہولڈرز کی شناخت کے عمل کے بعد اجلاس میں شرکاء کی شمولیت کو یقینی بنایا جا سکے۔ شیئر ہولڈرز کی شناخت اور تصدیق کے لیے درکار تمام رسمی کارروائیوں کو مکمل کرنے کے بعد اپنے اسمارٹ فون یا کمپیوٹر کے ذریعے لاگ ان اور EOGM میں حصہ لے سکتے ہیں۔

اس غیر معمولی اجلاسِ عام میں شرکت کرنے، اپنی رائے کا اظہار کرنے اور ووٹ دینے کے حقدار تمام حصص داران اپنی جانب سے اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لیے پراکسی کے طور پر کسی اور شخص کو مقرر کرنے کے حقدار ہوں گے۔ ایک کارپوریٹ ادارہ شیئر ہولڈر ہونے کے ناطے، کسی بھی شخص کی تقرری کر سکتا ہے، خواہ وہ شخص حصص دار ہو یا نہ ہو۔ کارپوریٹ اداروں کی صورت میں، کارپوریٹ ادارے کی جانب سے نمائندگی اور ووٹ ڈالنے کے لیے نامزد شخص کے دستخط کے نمونے کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز / پاور آف اٹارنی کی قرارداد کمپنی کو ایک مکمل پراکسی فارم کے ساتھ پیش کی جائے گی۔

پراکسی کی نامزدگی کی صورت میں کمپنی کے رجسٹرڈ آفس یا کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو اجلاس کے وقت سے 48 گھنٹے قبل نامزدگی کی درخواست موصول ہونی چاہیے۔ شیئر ہولڈرز کی سہولت کے لیے غیر معمولی اجلاس عام کے نوٹس کے ساتھ ایک پراکسی درخواست فارم ارسال کیا جا رہا ہے۔

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو ایس ای سی پی کے ذریعے بیان کردہ مندرجہ ذیل رہنما ہدایات پر عمل کرنا ہوگا:

**الف۔ اجلاس میں شرکت کے لیے**

i۔ انفرادی شخص ہونے کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور / یا جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن تفصیلات ریگولیشنز کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں وہ اپنی شناخت کی تصدیق اپنا اصلی کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصلی پاسپورٹ غیر معمولی اجلاس عام کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل مذکورہ ای میل ایڈریس پر ارسال کریں۔

ii۔ کارپوریٹ اداروں کے نمائندگان کو بورڈ آف ڈائریکٹرز / ٹرسٹی کی قرارداد / پاور آف اٹارنی بمعہ نامزد فرد کے نمونہ دستخط اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل مذکورہ ای میل ایڈریس پر ارسال کرنا ہوں گے (اگر پہلے پیش نہ کیے گئے ہوں)۔

**ب۔ پراکسی نامزدگی کی صورت میں**

i۔ انفرادی فرد ہونے کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور / یا ایسا فرد جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات ریگولیشنز کے مطابق اپ لوڈ کر دی گئی ہیں، انہیں اوپر درج ضروریات کے مطابق پراکسی فارم جمع کروانا ہوگا۔

ii۔ بینفشل اونرز اور پراکسی کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقل پراکسی فارم کے ساتھ مہیا کی جائے گی۔

iii۔ پراکسی کو اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل اپنا اصلی CNIC یا اصلی پاسپورٹ مذکورہ بالا ای میل ایڈریس پر ارسال کرنا ہوگا۔

iv۔ کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی بمعہ نمونہ دستخط کمپنی کو پراکسی فارم کے ساتھ اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل مذکورہ ای میل ایڈریس پر ارسال کیے جائیں گے۔ (اگر پہلے مہیا نہیں کیے گئے ہیں)۔

v۔ پراکسی فارم کی گواہی دو افراد دیں گے، جن کے نام، پتے اور درست CNIC نمبرز کا اندراج فارم پر کیا جائے گا۔

شیئر ہولڈرز غیر معمولی اجلاس عام کے ایجنڈا آئٹمز کے لیے اپنے تبصرے اور سوالات بھی ای میل ایڈریس investor.relations@atlashonda.com.pk پر ارسال کر سکتے ہیں۔

**3) ای-ووٹنگ اور پوسٹل بیلٹ**

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 اور اس میں مطلع کردہ ترامیم کے مطابق اراکین کو ڈائریکٹرز کے انتخاب کے مقصد کے لیے الیکٹرانک ووٹنگ کی سہولت اور پوسٹل بیلٹ کے ذریعے اپنا ووٹ کا حق استعمال کرنے کی اجازت دی جائے گی۔ اگر ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے خود کو پیش کرنے والے افراد کی تعداد، کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 159 کے تحت مقرر کردہ ڈائریکٹرز کی تعداد سے زیادہ ہو تو ووٹنگ ریگولیشنز میں درج طریقہ کار اور ضوابط کے مطابق منعقد کی جائے گی۔

**4) اسکروٹنائزر کی تقرری**

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کی شق 11 کے مطابق بورڈ نے میسرز شائن وِنگ حمید چوہدری اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس، جو ایک QCR ریٹڈ آڈٹ فرم ہے، کو اجلاس میں ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے خدمات انجام دینے اور مذکورہ بالا ریگولیشنز میں بیان کردہ دیگر ذمہ داریوں کی انجام دہی کے لیے کمپنی کے اسکروٹنائزر کے طور پر مقرر کیا ہے۔

**5) حصص یافتگان کی تفصیلات میں تبدیلی / اپ ڈیٹ**

ایسے اراکین جو فزیکل (کاغذی شکل میں) حصص رکھتے ہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے پتے میں کسی بھی قسم کی تبدیلی سے متعلق ہمارے شیئر رجسٹرار کو جلد از جلد آگاہ کریں۔

فزیکل حصص رکھنے والے ایسے تمام انفرادی حصص داران جنہوں نے ابھی تک اپنا CNIC نمبر درج نہیں کروایا ہے انہیں ایک مرتبہ پھر یاد دہانی کروائی جاتی ہے کہ وہ فوری طور پر اپنے CNIC کی نقل ہمارے شیئر رجسٹرار کو پیش کریں۔ CNIC کی نقل جمع کرواتے وقت حصص داران کو اپنے متعلقہ فولیو نمبر کا حوالہ بھی دینا ہوگا۔

سی ڈی سی اکاؤنٹس رکھنے والے کارپوریٹ شیئر ہولڈرز پر لازم ہے کہ وہ اپنے متعلقہ پارٹسپنٹ کے پاس اپنا NTN نمبر اپ ڈیٹ کریں، جبکہ فزیکل شیئر رکھنے والے کارپوریٹ اداروں کو اپنے NTN کی ایک نقل ہمارے شیئر رجسٹرار کو ارسال کرنی ہوگی۔ کارپوریٹ شیئر ہولڈرز کو NTN یا NTN سرٹیفکیٹ بھیجتے وقت (جو بھی معاملہ ہو)، کمپنی کا نام، متعلقہ فولیو نمبر کا حوالہ دینا لازمی ہے۔

**6) فزیکل شیئرز کو CDC اکاؤنٹ میں جمع کروانا**

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (2)72 کے مطابق، ہر کمپنی کے لیے لازمی ہے کہ وہ اپنے فزیکل شیئرز یعنی کاغذی حصص کو بک انٹری کی شکل میں ایکٹ کے اعلان سے چار (4) سال کے اندر تبدیل کرے۔ مزید برآں، سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اپنے لیٹر مورخہ 26 مارچ، 2021 کے ذریعے لسٹڈ کمپنیز کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنے ایسے حصص داران کا پتہ لگائے جن کے حصص ابھی تک کاغذی (فزیکل) شکل میں ہیں، تا کہ ان کے حصص کو بک انٹری فارم میں تبدیل کیا جا سکے۔ مذکورہ بالا شق کی تعمیل کے لئے فزیکل شیئر ہولڈنگ رکھنے والے تمام شیئر ہولڈرز اپنے فزیکل شیئرز کو اسکرپ لیس فارم میں رکھنے کے لیے کسی بھی بروکر کے ساتھ CDC ذیلی اکاؤنٹ کھلوا سکتے ہیں یا CDC کے ساتھ براہ راست اپنا انویسٹر اکاؤنٹ بھی کھلوا سکتے ہیں۔ اس طرح انہیں متعدد سہولیات حاصل ہوں گی جن میں حصص کی محفوظ تحویل اور اپنی مرضی کے مطابق فروخت بھی شامل ہے، جیسا کہ پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ کے موجودہ قواعد کے مطابق فزیکل شیئرز کی ٹریڈنگ کی اجازت نہیں ہے۔

**7) تحائف / کوپنز کی تقسیم**

غیر معمولی اجلاس عام کے دوران کوئی تحائف / کوپنز تقسیم نہیں کئے جائیں گے۔

**کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3) 166 کے تحت مادی حقائق کا بیان**

**ڈائریکٹرز کا انتخاب**

کمپنی کے موجودہ بورڈ کی دفتری مدت 13 مارچ 2026 کو اختتام پذیر ہو جائے گی۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (1) 159 کے تحت بورڈ نے 29 جنوری 2026 کو منعقدہ بورڈ میٹنگ میں منظور کردہ قرارداد کے ذریعے ڈائریکٹرز کی تعداد آٹھ (8) مقرر کی ہے، جن کا انتخاب کمپنی کے غیر معمولی اجلاس عام میں آئندہ تین (3) سال کی مدت کے لیے کیا جائے گا۔ کوئی بھی فرد جو ڈائریکٹر کے عہدے کے انتخاب میں حصہ لینا چاہتا ہو، خواہ وہ ریٹائر ہونے والا ڈائریکٹر ہو یا نہ ہو، اس کے لیے لازم ہوگا کہ وہ غیر معمولی اجلاس عام کی تاریخ سے کم از کم چودہ (14) دن قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس / شیئرز رجسٹرار کے پاس درج ذیل دستاویزات جمع کروائے:

(a) کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3) 159 کے مطابق ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے اپنے آپ کو پیش کرنے کے ارادے کا نوٹس

(b) کمپنیز ریگولیشنز 2024 کے فارم 9 کے ضمیمہ پر بطور ڈائریکٹر کام کرنے کی رضامندی، جیسا کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 167 کے تحت درکار ہے۔

(c) ایک اعلامیہ جس میں تصدیق ہو کہ:

i) وہ کمپنیز ایکٹ 2017، کمپنی کے دستور اور قوائد و ضوابط اور پاکستان اسٹاک ایکسچینج کی رُول بک، لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 اور دیگر متعلقہ قوانین و ضوابط کے تحت بطور ڈائریکٹرز کی ذمہ داریوں اور اختیارات سے آگاہ ہے۔

ii) وہ لسٹڈ کمپنی کے ڈائریکٹر / انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹر کے لیے کمپنیز ایکٹ 2017، لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 اور دیگر متعلقہ قوانین و ضوابط میں درکار اہلیت کے معیار پر پورا اترتا ہے۔

(d) کمپنی کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کرنے کے لیے اس کے دفتری پتے کے ساتھ تفصیلی پروفائل

(e) موجودہ ڈائریکٹرشپ دفاتر کی تفصیلات

(f) فعال قومی شناختی کارڈ کی کاپی (پاکستانی شہری ہونے کی صورت میں) / پاسپورٹ کی کاپی (غیر ملکی شہری ہونے کی صورت میں)، اور این ٹی این اور فولیو نمبر / CDC انویسٹر اکاؤنٹ نمبر / CDC سب اکاؤنٹ نمبر (ان افراد کے لیے لاگو جو پہلی مرتبہ رضامندی جمع کروا رہے ہوں)

(g) ڈائریکٹر کے انتخاب میں حصہ لینے کے لیے رضامندی جمع کرواتے وقت ڈائریکٹر کا کمپنی کا رکن ہونا ضروری ہے، سوائے اس شخص کے جو کسی ایسے رکن کی نمائندگی کر رہا ہو جو نیچرل پرسن نہ ہو۔

(h) آزاد ڈائریکٹر (ز) کا انتخاب کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعات 159 اور 166 کے مطابق کیا جائے گا اور انہیں کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 166 اور کمپنیز (مینر اینڈ سلیکشن آف انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز) ریگولیشنز، 2018 میں بیان کردہ معیار پر پورا اترنا ہوگا۔ بطور انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹر انتخاب میں حصہ لینے کے خواہشمند امیدواروں کو درج ذیل اضافی دستاویزات جمع کروانا ہوں گی:

- لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشن 2019 کی شق (3) 6 کے تحت ڈکلیئریشن آف انڈیپنڈنس؛
- غیر عدالتی اسٹامپ پیپر پر حلف نامہ کہ وہ کمپنیز (مینر اینڈ سلیکشن آف انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز) ریگولیشنز 2018 کے ریگولیشن 4 کی ذیلی ریگولیشن (1) کے تقاضوں پر پورا اترتا ہے۔

ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینے والے امیدواروں کی حتمی فہرست غیر معمولی اجلاس عام کی تاریخ سے کم از کم سات (7) دن قبل کمپنیز ایکٹ کی دفعہ (4) 159 کے مطابق جاری کی جائے گی۔ مزید برآں، کمپنی کی ویب سائٹ کو بھی مطلوبہ معلومات کے ساتھ اپ ڈیٹ کیا جائے گا۔

48cm x 5col.